# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 29 August 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۹ /اگست ۲۰۲۴ء

وقت: 09.00 سے 09.10/بجے

***** ***** *****

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں

☆ خواتین پر مظالم کے تدارک کے لیے غور و فکر کرنے کی ضرورت ‘صدر جمہوریہ دروپدی مُرمو کا مشورہ

☆ اُدگیر میں بودھ وہار کی آئندہ 4/ستمبر کو صدرجمہوریہ کے ہاتھوں رونمائی

☆ صنعتی اسمارٹ شہروں میں ریاست کا دِگھی شہر بھی شامل ‘234/نئے شہروں میں خانگی ایف ایم ریڈیو چینل شروع کرنے کو مرکزی حکومت کی منظوری

☆ مالون تعلقے کے چھترپتی شیواجی مہاراج مجسمے معاملے کے لیے مشترکہ تکنیکی کمیٹی قائم

☆ ہنگولی ضلعے میں جان لیوا حملے سے تلاٹھی کی موت ‘ ایک حملہ آور پولس کی گرفت میں

اور

☆ کسانوں کو فصل قرض کی فراہمی میں ٹال مٹول کرنے والے دھاراشیو ضلعے کے 10/بینکوں کے خلاف مقدمات درج

اب خبریں تفصیل سے...

صدر جمہوریہ دروپدی مُرمو نے کہا ہے کہ آئین میں دیے گئے مرد و عورت مساوات کو یقینی بنانے کے لیے مرکزی حکومت کوشش کریں۔ کل اپنے سوشل میڈیا پیغام میں صدر جمہوریہ نے خواتین کے خلاف بڑھتے تشدد کے واقعات کے ضمن میں غور کرنے کی ضرورت پر زور دیا اور کہا کہ کوئی بھی مہذب سماج اِس طرح کے تشدد کو برداشت نہیں کرسکتا۔ کولکاتہ کا ہی ایک واقعہ نہیں ہے بلکہ تشدد کے سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ ایسے واقعات تکلیف دہ ہیں۔ انھوں نے ایسے واقعات کی جڑ تک پہنچنے پر زور دیا۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ ہم بحیثیتِ معاشرہ اپنے آپ سے سخت سوالات کریں۔

دریں اثناء صدر مُرمو 4/ستمبر کو لاتور کا دورہ کریں گی اور اُدگیر میں مونسپل کونسل کے ذریعہ تعمیر کردہ بُدھ وِہار کا افتتاح کریں۔ لاتور ضلع انتظامیہ نے مطلع کیا ہے کہ صدر جمہوریہ ریاستی حکومت کے زیراہتمام وزیراعلیٰ کے خواتین کو بااختیار بنانے کے پروگرام میں بھی شرکت کریں گی۔ ریاستی حکومت کے ذریعہ فراہم کردہ فنڈ سے بُدھ وِہار تعمیر کیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

مرکزی کابینہ نے قومی صنعتی کاریڈور ترقی پروگرام کے تحت عالمی درجہ کے 12 ر گرین فیلڈ صنعتی اسمارٹ شہروں کو منظوری دی ہے۔کل ہوئی کابینہ کی میٹنگ میں یہ فیصلہ لیا گیا۔تقریباً 28 ر ہزار 602 ر کروڑ روپیوں کی سرمایہ کاری کے منصوبہ میں 10 ر ریاستوں میں 6 ر مرکزی صنعتی کاریڈور تعمیر کیے جائیں گے۔ نئے تعمیر ہونے والے عالمی درجہ کے اِن گرین فیلڈ صنعتی اسمارٹ شہروں میں مہاراشٹر کا دیگھی شہر بھی شامل ہیں۔

***** **** *****

قومی صنعتی کاریڈور ترقی پروگرام کے اِس منصوبہ میں تقریباً 10 ر لاکھ راست جبکہ 30 ر لاکھ بالراست روزگار پیدا ہونے کا امکان ہے۔ ملک بھر کے 234 ر نئے شہروں میں نجی ایف ایم ریڈیو چینل شروع کرنے کی تجویز کو مرکزی کابینہ نے منظوری دی ہے۔ مادری زبان میں مقامی پروگراموں کی ترغیب دینا اور روزگار کے نئے مواقع فراہم کرنا اِس پروگرام کا مقصد ہے۔

***** **** *****

مرکزی کابینہ کی اقتصادی امور کمیٹی نے کل وزارت ریلوے کی تقریبا 6 ر ہزار 456 ر کرور روپئے کے 3 ر منصوبوں کو منظوری دی۔ یہ منصوبے وزیراعظم گتی شکتی اسکیم کا اہم حصہ ہیں۔اِس کی وجہ سے ملک کے 1300 ر گاؤں اور 11 ر لاکھ آبادی کو ریلوے سے جوڑا جائے گا۔

***** **** *****

وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے مالون تعلقہ کے راجکوٹ میں چھترپتی شیواجی مہاراج کے مجسمہ کے گرنے کی وجوہات جاننے اوراِس کے بارے میں تفصیلی تجزیہ کرنے کے لیے سِول انجینئرُ ماہرین ، آئی آئی ٹی اور بحریہ کے افسران پر مشتمل ایک تکنیکی مشترکہ کمیٹی مقرر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اِس واقعہ کے ضمن میں کل ممبئی میں منعقدہ میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے محکمہ تعمیرات عامہ کو یہ بھی ہدایت دی ہے کہ وہ ملک کے بہترین مجسمہ سازوں ، سِول اِنجینئرُوں ، ماہرین اور بحریہ کے افسروں کی ایک کمیٹی کا تقرر کرے تاکہ شیواجی مہاراج کا ایک عظیم الشان مجسمہ تعمیر کیا جاسکے۔

***** **** *****

دریں اثناء نائب وزیراعلیٰ و وزیرخزانہ دیویندر پھڑنویس نے سندھودرگ ضلع کے راجکوٹ میں چھترپتی شیواجی مہاراج کے مجسمہ کے حادثے کے معاملے میں سیاست بند کرنے کی اپیل کی ہے۔وہ گزشتہ روز ناگپور میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ پھڑنویس نے وضاحت کی ہے کہ یہ مجسمہ بحریہ نے تعمیر کیا تھا نہ کہ ریاستی حکومت نے اِس کے باوجود ریاستی حکومت واقعہ کی تحقیقات ، مجرموں کے خلاف کارروائی اور عظیم مجسمہ کی تعمیر کی تینوں سطحوں پر کام کررہی ہے۔

***** **** *****

اِس مجسمہ کے مجسمہ ساز جئے دیپ آپٹے اور تعمیراتی مُشیر ڈاکٹر چیتن پاٹل کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے۔

دریں اثناء شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے گروپ کے لیڈر آدِتیہ ٹھاکرے نے کل اِس جگہ کا دورہ کیا۔اُس وقت ٹھاکرے اور بی جے پی لیڈر نارائن رانے کے حامیوں نے ایک دوسرے کے اوپر پتھر بازی کی جس میں ایک پولس اہلکار اور ایک خاتون زخمی ہوگئے۔

مہاوِکاس آگھاڑی نے کل مالون ہند کا اشارہ دیا تھا اور مورچہ بھی نکالا تھا۔دریں اثناء اِس حادثہ کے خلاف مہاوِکاس آگھاڑی آئندہ اتوار کو ممبئی میں گیٹ وے آف اِنڈیا پر احتجاج کریں گی۔

***** **** *****

***** ***** *****

# یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** *****

نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار نے یقین ظاہر کیا ہے کہ کسانوں کو آئندہ سالوں میں شمسی توانائی منصوبہ کے ذریعہ دن میں بھی بجلی فراہمی کی جائے گی۔ وہ راشٹروادی کانگریس کے جن سمان یاترا کے دوران ہنگولی بسمت میں کسانوں سے مخاطب تھے۔ دریں اثناء یہ یاترا آج بیڑ میں داخل ہوگی۔

***** ***** *****

پیرس پیرا اولمپک مقابلوں کا کل سے آغاز ہوگیا۔ مقابلوں کی افتتاحی تقریب میں نیزہ باز سُمِت انتِل اور گولہ باز بھاگیہ شری جادھو بھارت کے پرچم بردار بنے۔ اِن مقابلوں میں مختلف 12 ؍زمروں کے کھیلوں میں 24؍ بھارتی کھلاڑی اپنا ہنر آزمائیں گے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارتی کھلاڑیوں کو مقابلوں کے لیے نیک خواہشات پیش کی ہیں۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلع کے بسمت تعلقہ کے آڈگاؤں۔ رنجے بوآ کے تلاٹھی کا کل دفتر میں ہوئے جان لیوا حملے میں انتقال ہوگیا۔ زیر التواء کھیت کے کاموں کے سلسلے میں آئے ایک شخص نے اِس کی آنکھوں میں مرچ پاؤڈر ڈال کر دھاردار چاقو سے وار کیا۔ تلاٹھی کو علاج کے لیے پربھنی لے جاتے وقت ہی متاثرہ کا انتقال ہوگیا۔ دریں اثناء ایک حملہ آور کو حراست میں لینے کی اطلاع پولس افسران کی جانب سے دی گئی ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع کے 10 ؍بینکوں کے خلاف خریف ہنگام کے لیے کسانوں کو فصل قرض فراہم کرنے میں مبینہ بدعنوانی کے سلسلے میں مقدمے درج کیے گئے ہیں۔ سرپرست وزیر تاناجی ساونت کے حکم پر ضلع کلکٹر ڈاکٹر سچن اومباسے کی ہدایت پر دھاراشیو ضلعے کے آنند نگر پولس اسٹیشن میں یہ مقدمے درج کیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر میں جہیز مانگنے پر ڈاکٹر پرتیکشا گوارے کی خودکشی معاملے کے مفرور ملزم ڈاکٹر پریتم شنکر گوارے کو پولس نے کل گرفتار کرلیا گیا۔ گزشتہ سنیچر کو ڈاکٹر پرتیکشا گوارے نے خودکشی کرلی تھی اور مذکورہ ملزم تب سے فرار تھا۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر کے ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے ضلعے کے تمام اسکولس اور کالجس میں طالبات کو محفوظ اور خوف سے پاک ماحول فراہم کرنے کے لیے معلمین اور سکھی ساوتری کمیٹی کے اراکین کو وقتاً فوقتاً تبادلہ خیال کرنے کی ہدایت کی ہے۔ کلکٹر دلیپ سوامی نے کل پھلمبری تعلقے کے پاتھری گاؤں میں واقع راج شری شاہو کالج کی طالبات سے بات چیت کی۔ اِس موقع پر انھوں نے طالبات کو اپنے والدین کی طرح اپنے اساتذہ سے بات چیت کرنے اور درپیش مسائل سے متعلق تبادلہ خیال کرنے کی ترغیب بھی دی۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع پریشد کی سی ای او اور ایڈمنسٹریٹر مینل کرنوال نے یقین ظاہر کیا ہے کہ آپسی تال میل اور باہمی تعاون سے حکومت کے مختلف ترقیاتی کام کیے جائیں۔ تو مقررہ مدت میں ترقی کے ہدف تک پہنچا جا سکتا ہے۔ حدگاؤں تعلقے کے شیو پوری گاؤں کے کونڈ لنگیشور مندر کے اجلاس ہال میں کل مینل کرنوال کی سربراہی میں ایک میٹنگ منعقد ہوئی اِس موقعے پر وہ مخاطب تھیں۔ جل جیون مشن کے تحت دیہی سطح پر گرام سیوکوں کو سروے کر کے معلومات جمع کرنے کے احکامات بھی مینل کرنوال نے اِس موقع پر دیے۔

***** **** *****

ہنگولی کے ضلع کلکٹر عہدے پر دھولیہ کے ضلع کلکٹر ابھینو گوئل کا تقرر کیا گیا ہے۔ اِس سے متعلق حکم نامہ کل جاری کیا گیا۔ جتندر پاپڑ کر کے تبادلے کے بعد ہنگولی ضلع کلکٹر کی ذمہ داریاں ایڈیشنل کلکٹر خوشحال سنگھ پریشی سنبھال رہے تھے۔

***** **** *****

دھاراشیو میں کل ضلعی سطح کا جنگلی سبزی ترکاری میلہ منعقد کیا گیا۔ اِس سبزی میلے میں بانس سمیت 80/ سے زائد جنگلی ترکاریاں اور جنگلی پھل خریدی کے لیے فراہم کی گئی۔ اِس میلے کو عوام کی بہترین پذیرائی ملنے کی اطلاع ہمارے نامہ نگار نے دی ہے۔

***** **** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے کے پیٹھن میں واقع جائیکواڑی ڈیم کی سطح آب میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ اور پانی کی سطح 70/ فیصد تک جا پہنچی ہے۔ اِس آبی منصوبے میں فی الحال 56/ ہزار 896/ گھن فیٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی کی آمد ہو رہی ہے۔

***** **** *****

آخر میں خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سُن لیجیے ...

- ☆ **خواتین پر مظالم کے تدارک کے لیے غور و فکر کرنے کی ضرورت ‘ صدر جمہوریہ دروپدی مُرمو کا مشورہ**
- ☆ **اُدگیر میں بودھ وہار کی آئندہ 4/ ستمبر کو صدر جمہوریہ کے ہاتھوں رونمائی**
- ☆ **صنعتی اسمارٹ شہروں میں ریاست کا دیگھی شہر بھی شامل ‘ 234/ نئے شہروں میں خانگی ایف ایم ریڈیو چینل شروع کرنے کو مرکزی حکومت کی منظوری**
- ☆ **مالون تعلقے کے چھترپتی شیواجی مہاراج مجسمے کے معاملے کے لیے مشترکہ تکنیکی کمیٹی قائم**
- ☆ **ہنگولی ضلعے میں جان لیوا حملے سے تلاٹھی کی موت ‘ ایک حملہ آور پولس کی گرفت میں**

**اور**

- ☆ **کسانوں کو فصل قرض کی فراہمی میں ٹال مٹول کرنے والے دھاراشیو ضلعے کے 10/ بینکوں کے خلاف مقدمات درج**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سُن سکتے ہیں۔**

☆☆☆☆